سوال

السلام علیکم ورحمہ اللہ وبرکاتہ کئی دن پہلے ایک نذر مانی تھی کہ اگر میرا فلاں کام ہوجائے تو میں یہ کروں گا، اب میرا کام تو پورا ہوگیا ہے لیکن یہ یاد نہیں آرہا ہے کی نذر پوری ہونے کے بعد مجھے کیا کرنا تھا، اب میں کیا کروں۔؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمہ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ذہن پر زور دیں اور ذہن سے محو شدہ نذر کو یاد کرنے کی کوشش کریں۔ اگر یاد آجائے تو ٹھیک ورنہ نذر کا کفارہ ادا کریں۔ عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِينِ" (صحیح مسلم: 1645، سنن ابوداود: 3323)

نذر کا کفارہ قسم والا کفارہ ہے۔

چنانچہ جو شخص مقررہ نذر بھول جائے تو اسے نذر کا کفارہ ادا کرنا چاہیے اور نذر کا کفارہ قسم کا کفارہ ہی ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔ دس مساکین کو درمیانے درجہ کا کھانا کھلانا یا دس مسکینوں کو کپڑے پہنانا یا گردن آزاد کرنا۔ اگر ان تینوں کاموں میں سے کسی کی طاقت نہ ہو تو تین دن کے روزے رکھنا۔ (المائدہ: 89)

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد 2 کتاب الصلوۃ